© rasailojaraid.com

مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ اپنے اسلاف کے علمی اور فقہی کارناموں کو وہی شخص یک جا کر سکتا اور ان کو موضوع وار ترتیب دے سکتا ہے، جو خالص علمی ذوق کا حامل ہو، خوشی کی بات ہے کہ اس کتاب کے مرتب میں یہ خوبی موجود ہے۔ کتاب میں متعدد مقامات پر ان کے حواشی بھی ہیں جو کتاب کی افادیت میں مزید اضافے کا باعث ہیں۔

نماز کے بعض مسائل کے بارے میں شیخ نظام الدین اولیا دہلوی، مشہور عالم دینقیہ اور محدث شیخ جلال الدین احمد جہانیاں جہاں گشت، شیخ محمد ارشد جون پوری، شیخ محمد رشید عثمانی جون پوری شیخ احمد امیٹھوی اور مرزا مظہر جان جاناں کے فقہی مسلک کی بھی وضاحت کی گئی ہے۔

## اسلام اور نظامِ جاگیرداری وزمینداری۔

تالیف: مولانا مناظر احسن گیلانی

مقدمہ، تصحیح، تعلیقات: محمد یوسف گورایہ

ناشر: علما اکیڈمی، محکمۂ اوقاف حکومت پنجاب، حضوری باغ، بادشاہی مسجد لاہور۔

کتابت، طباعت، کاغذ بہترین۔

صفحات: ۷۹۔ قیمت: چار روپے

مولانا سید مناظر احسن گیلانی مرحوم پاکستان اور ہندوستان کے معروف عالم دین اور بہت سی علمی کتابوں کے مصنف تھے۔ ان کی مطبوعات میں سے زیرِ نظر کتاب "اسلام اور نظام جاگیرداری و زمینداری" اس اعتبار سے ایک نئی کتاب ہے کہ اس کا مسودہ پاکستان کے ایک صاحبِ نظر مگر گم نام عالم مولانا سید ابوالخیر مودودی (برادر کبیر مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی) کے پاس محفوظ تھا۔ اس کا تعلق چوں کہ اس دَور کے ایک بنیادی اور اہم مسئلہ سے ہے اس لیے انھوں نے یہ مسودہ اشاعت کی غرض سے پاکستان کے موجودہ وزیر قانون جناب ملک معراج خالد کو عنایت کیا اور وزیر موصوف نے محکمہ اوقاف پنجاب کے سپرد کیا۔ اس طرح یہ مسودہ محکمۂ اوقاف کی علما اکیڈمی کے ڈائرکٹر جناب محمد یوسف گورایہ صاحب کے مطالعہ میں آیا تو انھوں نے اس کو

© rasailojaraid.com